2024-10-16

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 نیشنل کانفرنس کے رہنما عمر عبداللہ آج صبح جموں وکشمیر کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔

2 وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، آج اسلام آباد میں شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

3 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، مَوریتانیہ کے اپنے ہم منصب محمد وَلد الغزوانی سے دوطرفہ بات چیت کریں گے۔

4 منی پور کی مختلف برادریوں کی نمائندگی کرنے والے ارکان اسمبلی نے نئی دلّی میں میٹنگ کے بعد، ریاست میں امن قائم کرنے کا عزم کیا۔

5 بھارت کے محکمہئ موسمیات نے اگلے دو دن کے دوران جنوبی جزیرہ نما اور مغربی خطوں میں انتہائی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

6 کرکٹ میں، بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان پہلا ٹسٹ آج بنگلورو کے چنا سوامی اسٹیڈیم میں شروع ہوگا۔

7 اور خواتین کے ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں ویسٹ اِنڈیز، انگلینڈ کو 6 وکٹ سے ہراکر سیمی فائنل میں داخل ہوگیا ہے۔

اب خبریں تفصیل سے۔

## J&K Swearing In

نیشنل کانفرنس کے رہنما عمر عبداللہ آج مرکز کے زیر انتظام علاقے جموں و کشمیر کے وزیراعلیٰ کی حیثیت سے حلف لیں گے۔ لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا دن میں ساڑھے گیارہ بجے سری نگر کے، شیرِ کشمیر انٹرنیشنل کنوینشن سینٹر میں، جناب عمر عبداللہ کے ساتھ ساتھ وزراء کی کونسل کو بھی حلف دلائیں گے۔

کانگریس صدر ملِکا ارجن کھڑگے، لوک سبھا میں اپوزیشن کے رہنما راہل گاندھی، پرینکا گاندھی واڈرا اور کے سی وینوگوپال، سماج وادی صدر اکھلیش یادو اور I-N-D-I-A بلاک کے دیگر رہنماؤں کے، حلف برداری کی اِس تقریب میں شرکت کا امکان ہے۔ ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ حال ہی میں کرائے گئے انتخابات میں جناب عبد اللہ کی پارٹی نے 90 اسمبلی سیٹوں میں سے، 42 سیٹیں حاصل کی تھیں۔

## BJP CEC Meeting

آئندہ جھارکھنڈ اسمبلی انتخابات کیلئے امیدواروں کے ناموں کو قطعی شکل دینے کیلئے بی جے پی کی مرکزی انتخابی کمیٹی کی میٹنگ کل رات نئی دلّی میں پارٹی صدر دفتر میں منعقد ہوئی۔ میٹنگ میں وزیراعظم نریندر مودی، وزیر داخلہ امت شاہ، بی جے پی کے قومی صدر جے پی نڈا اور دیگر سینئر پارٹی رہنماؤں نے شرکت کی۔ x

## Jharkhand Election

جھارکھنڈ میں کَل اسمبلی چناؤ کی تاریخوں کے اعلان کے بعد سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں۔ یہ انتخابات ریاست میں اگلے مہینے کی 13 اور 20 تاریخ کو دو مرحلوں میں منعقد کیے جائیں گے۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

## VC KK Lal

NDA اور I-N-D-I-A اتحاد دونوں ہی امیدواروں کی فہرست کو قطعی شکل دینے میں مصروف ہیں۔ ساتھ ہی وہ سیٹوں کی تقسیم کے فارمولے کا فیصلہ کرنے کے لیے بھی اپنے اتحادیوں کے ساتھ مصروف عمل ہیں۔

BJP، جھارکھنڈ انتخابات کے ساتھی انچارج ہیمنت بسوا سرما نے کہا کہ اس مرتبہ بی جے پی، AJSU، جنتا دل (یونائیٹیڈ) اور چراغ پاسوان کی قیادت والی LJP کے ساتھ انتخاب لڑے گی۔

دوسری جانب جھارکھنڈ مکتی مورچہ، کانگریس، راشٹریہ جنتا دل اور CPIML کے ساتھ چناؤ لڑے گی۔

JMM نے پارٹی صدر شیبو سورین اور ایگزیکیوٹیو صدر ہیمنت سورین کو اس کے اتحادیوں کے مابین سیٹوں کی تقسیم اور انتخاب لڑنے والے امیدواروں کی فہرست کا اختیار دیا ہے۔

اس دوران کانگریس نے اسمبلی انتخابات کے لیے ریاست میں تین مشاہد مقرر کیے ہیں۔

KK Lal کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں....................

## Jaishankar SCO

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج اسلام آباد میں سربراہان حکومت کی کونسل CHG کے تحت شنگھائی تعاون تنظیم SCO کی 23ویں میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ وہ کَل پاکستان کے دو روزہ دورے پر راجدھانی اسلام آباد پہنچے تھے۔

SCO میٹنگ پاکستان کی صدارت میں منعقد ہو رہی ہے اور ڈاکٹر جے شنکر اِس میں بھارت کی نمائندگی کریں گے۔

بھارت SCO میں کافی سرگرم رہا ہے۔ وہ اِس تنظیم کی مختلف سرگرمیوں اور اقدامات میں شرکت کرتا رہا ہے۔ SCO CHG کی میٹنگ سالانہ طور پر منعقد ہوتی ہے، جس میں تنظیم کے، تجارت اور اقتصادیات کے ایجنڈے پر  توجہ مرکوز کی جاتی ہے۔

اس سے پہلے ڈاکٹر جے شنکر نے کہاتھاکہ اُن کا پاکستان کا دورہ ایک کثیر ملکی دورہ ہے اور انہوں نے دوطرفہ بات چیت کے امکان سے انکار کیا تھا۔ کسی بھارتی وزیر خارجہ کا پچھلے 9 سال میں پاکستان کا یہ پہلا دورہ ہے۔ x

## President Visit Mauitania

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، الجیریا کے اپنے تین روزہ دورے کو مکمل کرنے کے بعد آج اپنے دورے کے دوسرے مرحلے میں مَوریتانیہ روانہ ہوجائیں گی۔

صدر مرمو نے الجیریا کی قیادت اور وفود کے ساتھ مختلف دوطرفہ ملاقاتیں کیں، جس کا مقصد بھارت-الجیریا تعلقات کو بڑے پیمانے پر فروغ دینا ہے۔ صدر جمہوریہ کے دورے کی خبریں دینے والی ہماری نامہ نگار نے بتایاکہ صدر جمہوریہ، مَوریتانیہ کے اپنے ایک روزہ دورے میں کئی سرگرمیوں میں مصروف رہیں گی۔ پیش ہے ایک رپورٹ:

## V/C President Visit / Mayusha

صدر جمہوریہ تین ملکوں الجیریا، مَوریتانیہ اور مَلاوی کے دورے پر ہیں۔

وہ اپنے دورے کے تیسرے مرحلے میں مَلاوی جائیں گی۔ اِس دورے کا مقصد، افریقی ملکوں کے ساتھ بھارت کے تعلقات کو اور زیادہ مضبوط بنانا اور وسعت دینا ہے۔ x

## FM Visit

خزانے اور کورپوریٹ امور کی مرکزی وزیر نرملا سیتارمن آج سے میکسیکو اور امریکہ کا دورہ کریں گی۔ اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں وہ اِس مہینے کی 17 سے 20 تاریخ تک میکسیکو کے دورے پر رہیں گی۔ محترمہ سیتارمن ٹیک ماہرین کی گول میز کانفرنس کی صدارت کریں گی جس میں گُوادُلَہَارَا میں، بھارت کی بڑی آئی ٹی کمپنیوں سمیت، ٹیکنالوجی کے عالمی ماہرین یکجا ہوں گے۔

محترمہ سیتارمن میکسیکو کے خزانے اور عوامی قرض کے وزیر رُخیلِیو رَامِیریز دیلاؤ کے ساتھ بھی دوطرفہ ملاقات کریں گی۔ اِس کے علاوہ وہ، پارلیمنٹ سے متعلق تعاون کو مستحکم بنانے اور اقتصادی ترقی کو فروغ دینے کے مقصد سے، میکسیکو کی پارلیمنٹ کے بہت سے ارکان کے ساتھ بھی بات چیت کریں گی۔ x

## Industry Leaders Hail PM

سرکردہ صنعت کاروں نے نئی دلّی میں ٹیلی مواصلات کی بین الاقوامی یونین اور ٹیلی مواصلات کے معیارات طے کرنے والی عالمی اسمبلی ITU-WTSA 2024 کے دوران آٹھوِیں انڈیا موبائل

کانگریس میں، ڈیجیٹل انڈیا کے وزیراعظم مودی کے وِژن کی ستائش کی ہے۔ ٹیلی کام صنعت کے سرکردہ ماہرین نے اصلاحات، اختراع اور اشتراک کی جانب، حکومت کی حمایت کو بھی سراہا۔

آدتیہ برلا گروپ کے چیئرمین کمار منگلم بِرلا نے، بھارت کو اور زیادہ مربوط، با اختیار اور سب کی شمولیت والے ڈیجیٹل ملک کی جانب لے جانے کیلئے برسوں کی بہت سی اصلاحات شروع کیے جانے کا ذکر کیا۔

ریلائنس جیو-انفو کوم لمیٹڈ کے چیئرمین آکاش امبانی نے کہاکہ اصل تبدیلی 2014 میں ایک ڈیجیٹل بھارت کے، وزیراعظم مودی کے وِژن کے ساتھ شروع ہوئی تھی، جس کی وجہ سے G4 انقلاب آیا۔

ٹیلی مواصلات کی بین الاقوامی یونین ITU کی سکریٹری-جنرل محترمہ Doreen Bogdan Martin نے، عالمی ڈیجیٹل حکمرانی کی ضرورت پر وزیراعظم کی طرف سے زور دیے جانے کو یاد کیا۔

وزیراعظم مودی نے ITU-WTSA کے دوران کَل آٹھوِیں انڈیا موبائل کانگریس کا افتتاح کیا۔ کانگریس کا انعقاد نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں کیا جارہا ہے۔ x

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**Home Ministry Manipur**

منی پور اسمبلی کے منتخب ارکان کے ایک گروپ نے، جو Kuki-Zo-Hmar، میتی اور ناگا برادریوں کی نمائندگی کررہاہے، کَل نئی دلّی میں میٹنگ کی۔ یہ میٹنگ ریاست میں تازہ ترین صورتحال پر تبادلۂ خیال کیلئے منعقد کی گئی تھی۔

وزارت داخلہ نے ایک بیان میں کہاکہ میٹنگ میں متفقہ طور پر یہ فیصلہ کیا گیا کہ ریاست میں سبھی برادریوں کے لوگوں سے اپیل کی جائے کہ وہ تشدد کا راستہ ترک کردیں تاکہ بے قصور شہریوں کی جانیں، اور زیادہ ضائع نہ ہوں۔ x

**Raj VLF Raoar Statiion**

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے تلنگانہ کے وزیراعلیٰ ریوَنت ریڈی کے ساتھ کَل وقار آباد میں بھارتی بحریہ کے، بہت ہی نچلی فریکوینسی VLF کے رَڈار اسٹیشن کا سنگ بنیاد رکھا۔

اِس موقع پر وزیر دفاع نے کہاکہ VLF اسٹیشن، ملک کے سمندری مفادات کی حفاظت کی خاطر تعمیر کیا جارہا ہے۔ انہوں نے اعتماد ظاہر کیاکہ یہ اسٹیشن، مسلح فوجوں کیلئے ایک نعمت ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہاکہ اِس سے، مسلح فوجوں کے کمان مرکزوں کے ساتھ، ہمارے بحری جہازوں اور آبدوزوں کے درمیان، محفوظ اور بروقت مواصلاتی رابطے کی یقین دہانی ہوگی۔

جناب سنگھ نے زور دے کر کہاکہ جب اِس اسٹیشن کی کارکردگی شروع ہوجائے گی تو یہ اعلیٰ تکنیک والا VLF اسٹیشن محض ایک فوجی تنصیب نہیں رہ جائے گی بلکہ یہ قومی اہمیت کا ایک دفاعی اثاثہ بن جائے گا۔

انہوں نے کہاکہ بروقت مواصلات کے بغیر یہ ممکن نہیں ہے کہ وافر سازو سامان یا افرادی قوت کے باوجود کوئی فوقیت حاصل کی جاسکے۔ یہ اسٹیشن دو ہزار 900 ایکڑ میں پھیلا ہوا ہے اور اِس کی تعمیر پر تین ہزار 200 کروڑ روپے کی لاگت آئی ہے۔ x

## JPC Waqf

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی نے کَل نئی دلی میں وقف ترمیمی بل 2024 پر تبادلہ خیال کیا۔ اِس میٹنگ کی صدارت، لوک سبھا کے ممبر پارلیمنٹ جگدمبِکا پال نے کی۔

اِس کمیٹی نے اقلیتی امور کی وزارت کے نمائندوں سے، بل کے تعلق سے زبانی شواہد حاصل کیے، جس کا مقصد خامیوں پر قابو پانا، انتظامیہ اور وقف کی جائیدادوں کے بندوبست میں بہتری لانا ہے۔

مشترکہ پارلیمانی کمیٹی، جسے اس بل کو مزید جانچ پڑتال کے لیے بھیجا گیا ہے، اِس سال پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس کے دوران اپنی رپورٹ پیش کرے گی۔x

## IMD Weather

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے اگلے دو روز کے دوران جنوبی جزیرہ نما اور ملک کے مغربی خطوں میں موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے کَل تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، رایل سیما، ساحلی آندھرا پردیش اور یانم میں بھی موسلا دھار بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

موسمیات سے متعلق ایجنسی نے کہا ہے کہ کونکن اور گوا میں بھی، کَل تک شدید بارش ہو سکتی ہے۔

اِس دوران IMD نے آج دلی میں جزوی طور پر مطلع ابر آلود رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 35 ڈگری اور کم سے کم 17 ڈگری سیلسیس کے آس پاس رہنے کا امکان ہے۔x

## Tamil Nadu Rains

تمل ناڈو میں موسمیات کے علاقائی دفتر نے کہا ہے کہ چنئی سے تقریباً 490 کلومیٹر پر خلیجِ بنگال میں پنے ہوا کے کم دباؤ کے حلقے کے کَل صبح تک پڈوچیری اور نلّور کے درمیان شمالی تمل ناڈو اور جنوبی آندھرا پردیش کو پار کرنے کا امکان ہے۔

اِس کے زیر اثر اگلے 24گھنٹے کے دوران دور دور تک شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ توقع ہے کہ اگلے دو روز کے دوران بھی موسلہ دھار بارش ہوگی۔x

## IND NZ Ist Test

کرکٹ میں، بھارت اور نیوزی لینڈ کے درمیان کھیلی جانے والی تین ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا پہلا میچ آج صبح بنگلورو کے ایم چناّسوامی اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔ فی الحال بھارتی ٹیم، ICC ٹیسٹ چیمپئن شپ پوائنٹس ٹیبل میں سرِفہرست ہے۔

روہت شرما کی قیادت والی بھارتی ٹیم اپنی سرزمین پر سال 2012-13 کے سیزن کے بعد سے اپنی لگاتار 19 ویں جیت کے لیے پورا زور لگائے گی۔ سیریز کا دوسرا ٹیسٹ میچ 24 سے 28 اکتوبر کے درمیان پونے کے مہاراشٹر کرکٹ ایسوسی ایشن اسٹیڈیم میں ہوگا۔ وہیں سیریز کا تیسرا اور آخری ٹیسٹ میچ، ایک نومبر سے 5 نومبر کے درمیان ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں کھیلا جائے گا۔x

## Women T20 World Cup

خواتین کے آئی سی سی ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں کل رات دوبئی میں کھیلے گئے مقابلے میں ویسٹ انڈیز نے انگلینڈ کو چھ وکٹ سے ہراتے ہوئے سیمی فائنل میں داخلہ حاصل کرلیا ہے۔ پہلے گیندبازی کرتے ہوئے ویسٹ اِنڈیز کی خواتین ٹیم نے گروپ بی کے اِس میچ میں مقررہ 20 اوورز میں انگلینڈ کو 141 رن پر محدو کردیا۔ انگلینڈ نے 7 وکٹ گنواکر یہ اسکور کھڑا کیا۔ ویسٹ انڈیز کی جانب سے Afy Fletcher نے تین وکٹ لئے۔ جواب میں ویسٹ انڈیز کی ٹیم نے دو اوور پہلے ہی مطلوبہ نشانہ حاصل کرلیا۔ سلامی بلے بازوں Qiana Joseph اور Hayley Mathews نے نصف سنچریاں بنائیں۔ Joseph کو پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

اس سے پہلے گروپ اے سے آسٹریلیا اور نیو زیلینڈ کی ٹیمیں سیمی فائنل میں پہنچ چکی ہیں۔ وہیں گروپ بی سے جنوبی افریقہ اور ویسٹ انڈیز کی ٹیموں نے بھی سیمی فائنل کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔ x

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......شبانہ رحمن

شکریہ - ضمیر رضوی

دلی سے

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 نیشنل کانفرنس کے رہنما عمر عبداللہ آج صبح جموں وکشمیر کے وزیراعلیٰ کے طور پر حلف لیں گے۔

2 وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر، آج اسلام آباد میں شنگھائی تعاون تنظیم کی سربراہ کانفرنس میں شرکت کریں گے۔

3 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، مَوریتانیہ کے اپنے ہم منصب محمد وَلد الغزوانی سے دوطرفہ بات چیت کریں گے۔

4 منی پور کی مختلف برادریوں کی نمائندگی کرنے والے ارکان اسمبلی نے نئی دلّی میں میٹنگ کے بعد، ریاست میں امن قائم کرنے کا عزم کیا۔

5 بھارت کے محکمہئ موسمیات نے اگلے دو دن کے دوران جنوبی جزیرہ نما اور مغربی خطوں میں انتہائی شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

6 کرکٹ میں، بھارت اور نیو زیلینڈ کے درمیان پہلا ٹسٹ آج بنگلورو کے چنا سوامی اسٹیڈیم میں شروع ہوگا۔

7 اور خواتین کے ٹی-ٹوینٹی کرکٹ عالمی کپ میں ویسٹ اِنڈیز، انگلینڈ کو 6 وکٹ سے ہراکر سیمی فائنل میں داخل ہوگیا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-----------------------------------------